183 ـ حائضہ عورت کا مسجد سے ملحق جگہ میں داخل ہونا

سوال

امریکہ میں مسجد تین منزلوں پر مشتمل ہے، اوپر والی منزل عورتوں کی نماز کے لیے ہے، اور اس سے نیچے والی منزل نماز کے لیے اصلی جگہ ہے، اور اس سے نیچلی منزل جس میں وضوء کی جگہ اور اسلامی کتابیں اور رسالے وغیرہ رکھے ہیں، اور عورتوں کے کلاس روم اور عورتوں کی نماز کے لیے بھی جگہ ہے، تو کیا اس نیچی منزل میں حائضہ عورتوں کا داخلہ جائز ہے ؟
اس مسجد میں صفوں کے درمیان ستون بھی ہیں جن کی بنا پر صف دو حصوں میں بٹ جاتی ہے، چنانچہ کیا اس طرح صف ٹوٹ جاتی ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ:

اگر تو مذکورہ عمارت مسجد بنائی گئی ہے، اور اوپر اور نیچے والی منزل کے لوگ امام کی آواز سنتے ہیں تو سب کی نماز صحیح ہے، اور حائضہ عورتوں کے لیے نیچے والی منزل میں نماز کے لیے بنائی گئی جگہ میں داخل ہونا اور بیٹھنا جائز نہیں؛ کیونکہ وہ مسجد کے تابع ہے.

اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" میں حائضہ اور جنبی شخص کے مسجد حلال نہیں کرتا"

لیکن کوئی چیز لینے کے لیے عورت مسجد سے گزرے تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ مسجد میں خون کی گندگی نہ پھیلے، کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

اور نہ ہی جنبی الا را گزرنے والا النساء (221)

اور اس لیے بھی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ نے عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کو حیض کی حالت میں مسجد سے چٹائی پکڑانے کا حکم دیا تو عائشہ رضی اللہ عنہا کہنے لگیں: وہ تو حیض کی حالت میں ہیں، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ

وسلم نے فرمايا:

تيرا حيض تيرے ہاتھ ميں تو نہيں "

ليكن اگر مسجد وقف كرنے والے كى نيت نچلى منزل كو مسجد ميں شامل نہ كرنا تھى، بلكہ اسنے اسے سٹور يا پھر سوال ميں بيان كردہ ضروريات كے ليے بنايا تو پھر اسے مسجد كا حكم نہيں ديا جائيگا، اور حائضہ عورت اور جنبى شخص كے ليے وہاں بيٹھنا جائز ہے، اور ليٹرينوں كے علاوہ جو جگہ پاك صاف ہے وہاں نماز ادا كرنے ميں بھى كوئى حرج نہيں، جس طرح دوسرى جگہ جہاں كوئى شرعى مانع نہ ہو نماز ادا كرنا جائز ہے.

ليكن جو شخص وہاں نماز ادا كرتا ہے اگر وہ مقتديوں كو نہيں ديكھ رہا اور نہ ہى امام كو ديكھ رہا ہے تو پھر وہ امام كى اقتدا نہيں كر رہا، كيونكہ علماء كرام كے راجح قول كے مطابق وہ مسجد كے تابع نہيں.

اور رہا مسئلہ ان ستونوں كا جو صف كو كاٹ رہے ہيں وہ نماز كے ليے نقصان دہ نہيں، ليكن اگر اسكے آگے يا پيچھے صف بنانى ممكن ہو تا كہ صف نہ ٹوٹے تو يہ اولى اور بہتر ہے.

اللہ تعالى ہى توفيق دينے والا ہے.